# نیو ایرا پبلک اسکول راجباغ سرینگر (صفحہ ۱)

یونٹ دوم ۲۰۲۲ء "حل کردہ ایسائنمنٹ" اردو اے۔ بی

جماعت: سوم

عنوان:- خدا

سبق نمبر: ۲

سوال ۱

| | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| ۱ | سہارا | مددگار |
| ۲ | کنارا ملنا | خشکی پر پہنچنا |
| ۳ | شرار | چنگاری، آگ |
| ۴ | دوزخ | جہنم |
| ۵ | عنایت | مہربانی |
| ۶ | کرشمہ | اعجاز |
| ۷ | رب | خدا |
| ۸ | طوفان | بھنور |
| ۹ | غضب | غصہ |
| ۱۰ | صدقے | خیرات |
| ۱۱ | ہرسو | ہرطرف |
| ۱۲ | زمانہ | دنیا، وقت |

## "تحریری سوالات"

سوال ۱: ہم سب کا سہارا کون ہے؟

جواب: ہم سب کا سہارا خُدا ہے۔

سوال ۲: چاند، سورج اور تارے کس نے بنائے ہیں؟

جواب: چاند، سورج اور تارے خُدا نے بنائے ہیں۔

سوال ۳: خدا کس چیز سے عنایت کرتا ہے؟

جواب: خُدا جنت دے کر عنایت کرتا ہے۔

سوال ۴: کیا مصیبت میں خدا کو پکارنے سے کچھ ملتا ہے؟

جواب: ہاں، مصیبت میں خدا کو پکارنے سے کنارا ملتا ہے۔

Scanned with CamScanner

سوال۵ یہ ساری کائنات کس نے پیدا کی؟
جواب یہ ساری کائنات خدا نے پیدا کی۔

سوال۲ خالی جگہوں کو پُر کیجئے:
۱. ہم ۲. چاند ۳. ستارا ۴. دنیا ۵. جدھر۔

سوال۳ ذیل میں دیئے گئے سوالات کے صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیے:

۱. ہمارا اور تمہارا سہارا کون ہے؟
i. ماں باپ ☐ ii. خدا ☑ iii. اپنا آپ ☐

۲. یہ نظم کس شاعر نے لکھی ہے؟
i. عادل اسیر دہلوی ☑
ii. محمد اسماعیل میرٹھی ☐
iii. مولانا حالی ☐

۳. ہم ہر طرف کس کا نظارہ دیکھتے ہیں؟
i. پھولوں کا ☐ ii. خدا کا ☑ iii. پہاڑوں کا ☐۔

Scanned with CamScanner

عنوان :- مہاتما گاندھی
سبق نمبر: ۵

| سوال | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| ۱ | باپو | باپ |
| ۲ | پرہیز کرنا | دور رہنا |
| ۳ | مہاتما | بڑی ہستی |
| ۴ | بیرسٹری | قانون کی بڑی ڈگری |
| ۵ | معمول | عادت |

"تحریری سوالات"

سوال ۱ گاندھی جی کہاں پیدا ہوئے؟
جواب گاندھی جی گجرات کے شہر پور بندر میں پیدا ہوئے۔
سوال ۲ گاندھی جی نے کیسی زندگی بسر کی؟
جواب گاندھی جی نے سادگی کی زندگی بسر کی۔
سوال ۳ رابندر ناتھ ٹیگور نے آپ کو کس نام سے پکارا تھا؟
جواب رابندر ناتھ ٹیگور نے آپ کو مہاتما کے نام سے پکارا تھا۔
سوال ۴ گاندھی جی نے کس چیز کی تعلیم دی؟
جواب گاندھی جی نے بھائی چارے، سچائی اور ہمدردی کی تعلیم دی۔
سوال ۵ افریقہ میں گاندھی جی نے کیا دیکھا؟
جواب افریقہ میں گاندھی جی نے کالے لوگوں پر ظلم ہوتے دیکھا۔
سوال ۶ ذیل میں دیئے گئے سوالات کے صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیے:

۱۔ مہاتما گاندھی کا اصلی نام تھا:
i. باپو ☐ ii. کرم چند ☐ iii. موہن داس ☑ ۔
۲۔ آپ ہمیشہ بولتے تھے:
i. سچ ☑ ii. جھوٹ ☐ iii. ملا جلا ☐ ۔

(صفحہ ۴)

۷. آپ نے ڈگری حاصل کی:
i. بیرسٹری کی ☑ ii. ڈاکٹری کی ☐ iii. گریجویشن کی ☐

سوال ۳. خالی جگہوں کو پُر کیجیے:
۱. موہن داس ۲. چھوٹے ۳. بیرسٹری ۴. جیل۔

سوال ۴. درج ذیل عبارات میں صحیح کے لیے (✓) غلط کے لیے (X) کا نشان لگائیے:
۱. گاندھی جی کا پورا نام موہن داس تھا۔ ☑
۲. گاندھی جی دہلی میں پیدا ہوئے تھے۔ ☒
۳. آپ بچپن ہی سے بڑے شرارتی تھے۔ ☒
۴. آپ بڑے شرمیلے تھے۔ ☑
۵. آپ کو اپنے باپ نے مہاتما کہہ کر پکارا تھا۔ ☒
۶. گاندھی جی اونچ نیچ کے خلاف تھے۔ ☑

سوال ۵. ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جواب پر (✓) دیجیے:
۱. مہاتما گاندھی کا پورا نام کیا تھا؟
i. باپو ☐ ii. کرم چند ☐ iii. موہن داس ☑
ii. مہاتما گاندھی بچپن سے ہی پرہیز کرتے تھے:
۱. جھوٹ بولنے سے ☑۔
۲. کھیلنے سے ☐۔
۳. ملک سے باہر جانے سے ☐
iii. مہاتما گاندھی کو سب سے پہلے "مہاتما" کہہ کر کس نے پکارا؟
۱. انگریزوں نے ☐
۲. راجندر پرشاد نے ☐
۳. رابندر ناتھ ٹیگور نے ☑

Scanned with CamScanner

## عنوان: ہمارے دانت

### سبق نمبر: ۶

سوال ۱

| | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| ۱ | اعضاء | عضو کی جمع |
| ۲ | جم جانا | لگا رہنا |
| ۳ | ریزے | ذرّے |
| ۴ | پرہیز کرنا | احتیاط کرنا |
| ۵ | بے بہا | بہت قیمتی |
| ۶ | عارضی | وقتی طور |
| ۷ | نذرانہ | تحفہ |
| ۸ | کشش | پُر رغبت |
| ۹ | مستقل | پائیدار |
| ۱۰ | خوب | بہت |
| ۱۱ | جبڑا | منہ کی ہڈی جس میں دانت لگے رہتے ہیں۔ |

## "تحریری سوالات"

سوال ۱ کیا دانتوں کے بغیر انسان ٹھیک بول سکتا ہے؟

جواب نہیں، دانتوں کے بغیر انسان ٹھیک نہیں بول سکتا۔

سوال ۲ دودھ کے دانت کن دانتوں کو کہتے ہیں؟

جواب دودھ کے دانت ان دانتوں کو کہتے ہیں جو بچے کی پیدائش کے چھے سات مہینے کے بعد نکلتے ہیں۔

سوال ۳ انسان کے منہ میں کتنے دانت ہوتے ہیں؟

جواب انسان کے منہ میں بتیس (۳۲) دانت ہوتے ہیں۔

سوال ۴ خوراک کس سے چبائی جاتی ہے؟

جواب خوراک دانتوں سے چبائی جاتی ہے۔

سوال ۲ خالی جگہوں کو پُر کیجئے:

۱ چباتے ۲ دانت ۳ روزانہ ۴ دانت ۔

Scanned with CamScanner

سوال ۳ درج ذیل الفاظ کو ملا کر تین با معنی جملے بنائیے (حصہ ۴)

دانت → گندے → مت رکھو
دانت → ہمیشہ → صاف رکھو
دانت → سے سخت چیز → مت توڑو

(مت توڑو / مت رکھو / صاف رکھو)

سوال ۴ ذیل میں دیے گئے جملوں کے دائرہ بند الفاظ کی املا درست کیجیے:

۱. ہم دانطون سے چباتے ہیں۔
ہم دانتوں سے چباتے ہیں۔

۲. ہم آنغ سے دیکھتے ہیں۔
ہم آنکھ سے دیکھتے ہیں۔

۳. ہم قان سے سنتے ہیں۔
ہم کان سے سنتے ہیں۔

۴. ہم حاتھ سے کام کرتے ہیں۔
ہم ہاتھ سے کام کرتے ہیں۔

سوال ۵ ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

۱. دیکھنے کے لیے
i ناک ہے ☐ ii کان ہیں ☐ iii آنکھ ہے ☑

۲. دانت نہ ہوں تو ہم اچھی طرح
i بول نہیں سکتے ہیں ☑ ii بول سکتے ہیں ☐ iii چل سکتے ہیں ☐

۳. ہمیں چاہیے کہ ہم دانتوں کو ہمیشہ
i صاف رکھیں ☑ ii میلا رکھیں ☐ iii سرد رکھیں ☐

Scanned with CamScanner

(صفحہ ۷)

عنوان: قرآن شریف

سبق نمبر: ۸

| سوال | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| ۱ | مقدس | پاک اور عظیم |
| ۲ | ضابطہ | قانون، طریقہ |
| ۳ | پیغمبر | اللہ کا پیغام پہنچانے والا |
| ۴ | حضرت جبرئیلؑ | ایک فرشتے کا نام |
| ۵ | تلاوت کرنا | قرآن پڑھنا |
| ۶ | وحی | اللہ کا پیغام |
| ۷ | نازل ہونا | اترنا |
| ۸ | تلقین | تاکید |
| ۹ | ہدایت | نیک راستہ دکھانا |

ج درج ذیل کالم (الف) اور (ب) میں ہم معنی (مترادف) الفاظ کو ملائیے:

| | الف | ب |
|---|---|---|
| ۱ | مدرسہ | اجالا |
| ۲ | روشنی | انجان |
| ۳ | اجنبی | مکتب |
| ۴ | اکیلا | معلم |
| ۵ | آرام | تنہا |
| ۶ | استاد | چین |

"تحریری سوالات"

سوال ۱: اللہ کی طرف سے نازل ہوئی چار کتابوں کے نام بتائیے؟

جواب: تورات، انجیل، زبور اور قرآن شریف۔

سوال ۲: قرآن کس صورت میں نبی کریم ﷺ پر نازل ہوا؟

جواب: قرآن وحی کی صورت میں نبی کریم ﷺ پر نازل ہوا۔

سوال ۳: قرآن کن چیزوں کا درس دیتا ہے؟

جواب: قرآن نیک راستے پر چلنے اور بدی سے بچنے کا درس دیتا ہے۔

Scanned with CamScanner

(صفحہ ۸)

۲۔ ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیے:

۱۔ حضرت موسیٰ پر کون سی کتاب نازل ہوئی؟

i تورات ☑ ii زبور ☐ iii انجیل ☐

۲۔ حضرت داؤدؑ پر کون سی کتاب نازل ہوئی۔

i تورات ☐ ii زبور ☑ iii انجیل ☐

۳۔ انجیل کس پیغمبر پر نازل ہوئی؟

i حضرت موسیٰ ☐ ii حضرت عیسیٰ ☑ iii حضرت داؤدؑ ☐

⇐ ذیل میں دیے گئے اسموں میں سے اسم خاص اور اسم عام الگ الگ لکھیں:

پیغمبرؐ ، عیسیٰؑ ، کتاب ، زبور ، سرینگر ، شہر

| | اسم خاص | اسم عام |
|---|---|---|
| ۱ | عیسیٰؑ | پیغمبرؐ |
| ۲ | زبور | کتاب |
| ۳ | سرینگر | شہر |

⇐ ذیل کے کالم "ب" میں دیے گئے اسماء گرام کو کالم "الف" میں دیے گئے آسمانی کتابوں کے ساتھ مناسب طور پر جوڑ دیجیے:

| | الف | ب |
|---|---|---|
| ۱ | تورات | حضرت عیسیٰ علیہ السلام |
| ۲ | انجیل | حضرت موسیٰ علیہ السلام |
| ۳ | زبور | حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| ۴ | قرآن | حضرت داؤد علیہ السلام |

Scanned with CamScanner

## اسم معرفہ کی دوسری قسم - اسم ضمیر

سوال: اسم ضمیر کسے کہتے ہیں؟

جواب: اسم ضمیر وہ اسم ہے جو کسی اسم کی جگہ استعمال کیا جائے۔ مثلاً یہ، وہ، تم، ہمارا، ان کا وغیرہ۔

سوال ۱: خالی جگہوں کو پُر کیجیے؟ (Pg.no12)

۱. میں ۲. ہمارا ۳. ہمارے/میرے ۴. آپ ۵. جہاز -

سوال ۲: کالم الف کے الفاظ کالم ب کے ساتھ مناسب طور جوڑ کر کالم ج سے ملا کر جملے بنائیے۔

| الف | ب | ج |
|---|---|---|
| میں | آپ | مدد کروں گا۔ |
| وہ | ان کی | کے دشمن ہیں۔ |
| انھیں | میری | بات سننی چاہیئے۔ |
| تم کو | ہماری | کیا ذمہ داری ہے |

سوال ۳: ضمیر کا خیال رکھتے ہوئے دیے گئے سوالات کے صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیے: (Pgno.13)

۱- یہ کس کا قلم ہے؟

i میرا ☐ ii رامو کا ☐ iii کسی کا نہیں ☑

۲- میرا ساتھ دینے کے لیے کون تیار ہے؟

i کوئی نہیں ☐ ii میں ☑ iii اکرم ☐

۳- ڈولر جھیل میں ڈبکی لگا کر اس کی تہہ سے کوئی ٹھوس چیز اٹھا لانا کس کی ہمت ہے؟

i کسی کی نہیں ☑ ii احمد کی ☐ iii تمہاری ☐

(صفحہ ۱۰)

۴ ضمیر کے لحاظ سے دیے گئے ہر گروپ کے الفاظ سے صرف موزوں الفاظ پر (✓) لگائیے:

نے کو پر سے ہم
جو سو لے میں اب
نام کام تم جام اکرام
قلم وہ جال ناک آم
اس بل جم بس ہاتھ

۵ دیے گئے جملوں میں سے "ضمیر" کے لفظ کو دائرہ بند کیجیے: (Pg.no14)

۱ شیطان ہم سب کا کھلا دشمن ہے۔
۲ میں ہر حالت میں آپ کی مدد کروں گا۔
۳ تمہارا نام کیا ہے؟
۴ دیکھو وہ آدمی جا رہا ہے۔
۵ جناب غلطی میری ہے یا اس کی، اب ہمیں معافی دیجیے۔

۶ ذیل میں دیے گئے ضمائر کو جملوں میں استعمال کیجیے:

۱. وہ: وہ میرا بھائی ہے۔
۲. میں: میں آج خوش ہوں۔
۳. انھیں: انھیں ہماری کوئی فکر نہیں
۴. ان: ان کا میرے ساتھ کوئی واسطہ نہیں۔
۵ ہمیں: ہمیں اُنکی بات سننی چاہیئے۔
۶. ہم: ہم سب اللہ کے بندے ہیں۔

۷ ذیل کی دعا میں اسمائے ضمیر لگا کر خالی جگہیں بھر دیجیے

۱. اللہ سب کا مالک ہے۔ ۲. ہم تیرے بندے ہیں۔

Scanned with CamScanner

⇐

| نمبر | واحد | جمع | نمبر | واحد | جمع |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ۱ | ڈنڈا | ڈنڈے | ۵ | نالا | نالے |
| ۲ | رات | راتیں | ۶ | بات | باتیں |
| ۳ | کھڑکی | کھڑکیاں | ۷ | بلی | بلیاں |
| ۴ | کاغذ | کاغذات | ۸ | خیال | خیالات |

⇐

| نمبر | لفظ | ضد | نمبر | لفظ | ضد |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ۱ | سفید | سیاہ | ۵ | خوبصورت | بدصورت |
| ۲ | نرم | سخت | ۶ | اپنا | پرایا |
| ۳ | آگے | پیچھے | ۷ | جائز | ناجائز |
| ۴ | بھاری | ہلکا | ۸ | نیک | بد |

⇐

| نمبر | لفظ | مترادف | نمبر | لفظ | مترادف |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ۱ | ماہ | چاند | ۶ | والد | باپ |
| ۲ | لال | سرخ | ۷ | غافل | بے خبر |
| ۳ | مکتب | مدرسہ | ۸ | بدھو | بے وقوف |
| ۴ | سورج | خورشید | ۹ | راہرو | مسافر |
| ۵ | واحد | ایک | | | |

Scanned with CamScanner

مضمون :- میرا دوست / میری سہیلی

ا ۔ ب ۔ ج میرا دوست / میری سہیلی ہے ۔ وہ میرے ساتھ تیسری میں پڑھتا / پڑھتی ہے ۔ ا ۔ ب ۔ ج ہماری جماعت کا مانیٹر / کی مانیٹر ہے ۔ وہ صاف ستھرے کپڑے پہنتا / پہنتی ہے ۔ وہ پڑھنے میں بھی بہت اچھا / اچھی ہے ۔ وہ روز اسکول آتا / آتی ہے ۔ سارے استاد اس سے پیار کرتے ہیں ۔ وہ اچھا / اچھی کرکٹ کھلاڑی ہے ۔ اس کا باپ ایک استاد ہے ۔ وہ مجھے بہت پیار کرتا / کرتی ہے ۔ میں اور ا ۔ ب ۔ ج اس کے باپ کے پاس گھر پر اکٹھے پڑھتے ہیں ۔

---

اپنے سکول کے پرنسپل صاحب کے نام بھائی کی شادی ہونے کے سلسلے میں ایک ہفتے کی رخصت کے لیے درخواست لکھیئے ۔

بخدمت جناب پرنسپل صاحب نیو البرا پبلک سکول
راجباغ سرینگر
جناب عالی

گذارش خدمت یہ ہے کہ میرے بڑے بھائی صاحب کی شادی اسی مہینے کی تیس تاریخ کو ہونے والی ہے ۔ اس لیے میرا گھر پر موجود رہنا ضروری ہے اس لیے میرے حق میں انتیس تاریخ ہی سے ایک ہفتے کی رخصت منظور فرمائیں ۔ آپ کی عین نوازش ہوگی ۔

عرض نیاز
ا ۔ ب ۔ ج
تیسری جماعت
رول نمبر: ۔

Prepared by:- Fajar

Scanned with CamScanner